## ملک وقوم کے وسیع تر مفاد میں تمام پروگریسیو قوتیں ملک کو بچانے، انتہاء پسندی کے خاتمہ اور جمہوری عمل کے استحکام کیلئے مل جل کر کام کریں، الطاف حسین

## انتہاء پسندی کے ذریعے اسلام کو بدنام کیا جارہا ہے اس کے خلاف سب کو ایک دوسرے کے ساتھ خلوص دل سے تعاون کرنا چاہئے اور اس ضمن میں، میں متحدہ قومی موومنٹ کی طرف سے غیر مشروط تعاون پیش کرتا ہوں

## پیپلز پارٹی کے استقبالیہ جلوس کے موقع پر مقامی انتظامیہ خصوصاً سٹی ناظم کراچی کے تعاون پر شکریہ ادا کرتی ہوں، بے نظیر بھٹو

## کراچی میں پیپلز پارٹی کے کارکنوں سمیت سو سے زائد افراد کے جاں بحق ہونے پر ٹیلی فون پر اظہار تعزیت

لندن۔۔۔19، اکتوبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ٹیلی فون پر پیپلز پارٹی کی چیئر پرسن محترمہ بے نظیر بھٹو سے کراچی میں پیپلز پارٹی کے استقبالی جلوس کے دوران ہونے والی دہشت گردی میں پیپلز پارٹی کے کارکنوں سمیت سو سے زائد افراد کے جاں بحق ہونے پر گہرے صدمے اور دلی تعزیت کا اظہار کیا۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ یہ سانحہ وحشیانہ بربریت اور کھلی دہشت گردی ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ وقت کا تقاضا ہے کہ ملک وقوم کے وسیع تر مفاد میں تمام پروگریسیو قوتیں ملک کو بچانے، انتہاء پسندی کے خاتمہ اور جمہوری عمل کے استحکام کیلئے مل جل کر کام کریں۔ انہوں نے کہا کہ انتخابات اور سیاسی عمل تو چلتا رہے گا اور اس میں آپس میں سیاسی اختلاف بھی ہوگا لیکن اس وقت ضرورت اس بات کی ہے کہ ملک میں جو انتہاء پسندی کی جارہی ہے اور جس طرح اسلام کے نام کو بدنام کیا جارہا ہے اس کے خلاف ہم سب کو ایک دوسرے کے ساتھ خلوص دل سے تعاون کرنا چاہئے اور اس ضمن میں، میں متحدہ قومی موومنٹ کی طرف سے غیر مشروط تعاون پیش کرتا ہوں۔ جناب الطاف حسین نے مزید کہا کہ پاکستان کے عوام کی اکثریت خصوصاً سندھ کے عوام مذہبی رواداری پر یقین رکھتے ہیں اور مذہبی انتہاء پسندی کے خلاف ہیں۔ محترمہ بے نظیر بھٹو نے جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ پیپلز پارٹی کے استقبالیہ جلوس کے موقع پر مقامی انتظامیہ خصوصاً سٹی ناظم کراچی نے جو تعاون کیا اس پر میں اپنی اور پیپلز پارٹی کے تمام رہنماؤں وکارکنوں کی جانب سے آپ کا شکریہ ادا کرتی ہوں۔ جناب الطاف حسین نے محترمہ بے نظیر بھٹو سے دلی تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ اس اندوہناک سانحہ اور غم کی گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی، تمام کارکنان اور عوام آپ کے اور جاں بحق ہونے والے افراد کے لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق ہونے والے افراد کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ جناب الطاف حسین نے دہشت گردی کے اس واقعہ میں زخمی ہونے والے افراد کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے بھی دعا کی۔

## بم دھماکوں میں ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر کے بزرگ کارکن عبدالستار کے صاحبزادے عبدالجبار اور ایم کیوایم گلشن اقبال کی ہمدرد فیملی محترمہ مہتاب بیگم،ان کے صاحبزادے امجد اور نواسی سائرہ بھی شہید ہونے والوں میں شامل ہیں شہداء کو سپردخاک کردیا گیا،نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست ٹاؤن ناظمین،یوسی ناظمین،کونسلر اور مقامی سیکٹرز کے اراکین نے شرکت کی

کراچی۔۔۔19،اکتوبر2007ء

پاکستان پیپلز پارٹی کی چیئرپرسن محترمہ بینظیر بھٹو کی استقبالی ریلی میں ہونے والے بم دھماکوں میں ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 5 کے بزرگ کارکن عبدالستار کے صاحبزادے عبدالجبار اور ایم کیوایم گلشن اقبال سیکٹر کی ہمدرد فیملی سے تعلق رکھنے والی محترمہ مہتاب بیگم،انکے صاحبزادے امجد اور نواسی سائرہ بھی شہید ہونے والوں میں شامل ہیں۔تفصیلات کے مطابق عبدالجبار شہید،محترمہ مہتاب بیگم،انکے صاحبزادے امجد اور نواسی سائرہ بم دھماکوں کے جائے وقوعہ پر استقبالی ریلی دیکھنے گئے تھے اور دہشت گردوں کی جانب سے کئے جانے والے بم دھماکوں کا شکار ہوکر اپنے خالق حقیقی سے جاملے۔عبدالجبار شہید کو محمد شاہ کے قبرستان میں سپردخاک کردیا گیا،شہید کی نماز جنازہ اور تدفین میں نیوکراچی کے حق پرست ٹاؤن ناظم ذوالفقار،یوسی ناظمین،کونسلرز،ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر کمیٹی کے اراکین،یونٹوں کے ذمہ داران،کارکنان اور ہمدردوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ایم کیوایم گلشن اقبال سیکٹر کی ہمدرد محترمہ مہتاب بیگم شہید،انکے صاحبزادے امجد شہید اور نواسی سائرہ شہید کو عیسیٰ نگری کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا ان کی اجتماعی نماز جنازہ ملینیہ سینٹر گلشن اقبال میں ادا کی گئی جبکہ نماز جنازہ اور تدفین میں گلشن اقبال ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم واسع جلیل،یوسی ناظمین،کونسلرز،ایم کیوایم گلشن اقبال سیکٹر کمیٹی کے اراکین،یونٹوں کے ذمہ داران،کارکنان،ہمدردوں اور شہداء کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اسی طرح بم دھماکے کے نتیجے میں جاں بحق ہونے والی لانڈھی ٹاؤن کی سٹی کونسلر محترمہ رخسانہ شہید کو آج شرافی گوٹھ کے قبرستان میں سپردخاک کردیا گیا۔مرحومہ کی نماز جنازہ اور تدفین میں لانڈھی ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم آصف حسنین،یوسی ناظمین،کونسلرز،ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر کمیٹی کے اراکین،یونٹوں کے ذمہ داران،کارکنان،ہمدردوں اور مرحومہ کے عزیز واقارب نے شرکت کی۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے بم دھماکوں میں ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 5 کے بزرگ کارکن عبدالستار کے صاحبزادے عبدالجبار اور ایم کیوایم کی ہمدرد محترمہ مہتاب بیگم،ان کے صاحبزادے امجد اور نواسی سائرہ کے شہید ہونے والے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے شہداء کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہداء کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل کی توفیق عطا کرے۔

## نجی ٹی وی چینل کے کیمرہ مین عارف خان شہید کے جنازے میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی، حق پرست وفاقی وزیر،مشیر،اراکین اسمبلی اور دیگر ذمہ داران کی شرکت

کراچی۔۔۔19اکتوبر2007ء

پیپلز پارٹی کی استقبالی ریلی میں خوفناک بم دھماکوں کے نتیجے میں جاں بحق ہونیوالے نجی ٹی وی چینل اے آر وائی کے کیمرہ مین محمد عارف خان شہید کو بعد نماز جمعہ سینکڑوں سوگواران کی آہوں اور سسکیوں کے درمیان سخی حسن قبرستان میں سپردخاک کردیا گیا۔شہید کی نماز جنازہ جامعہ مسجد نورالاسلام ٹرسٹ ناظم آباد بلاک 7 میں ادا کی گئی۔نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عبدالحسیب،رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست وفاقی وزیر بابر خان غوری،صوبائی مشیر اطلاعات حامد حسین عابدی،رکن قومی اسمبلی کنور خالد یونس،رکن سندھ اسمبلی عبدالقدوس،لیاقت آباد ٹاؤن کے ناظم اسامہ قادری،ایم کیوایم کی میڈیا کمیٹی کے انچارج سید سیف عباس حسنی،شعبہ اطلاعات کے ذمہ داران نے شرکت کی۔جنازہ میں الیکٹرنکس و پرنٹ میڈیا کے نمائندگان،رپورٹرز،کیمرہ مین حضرات اور فوٹوگرافرز کے علاوہ مختلف سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں،معززین شہر اور عارف شہید کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔عارف شہید کی مغفرت،انکے بلند درجات اور سوگواران کے صبر جمیل کیلئے فاتحہ خوانی کی۔اس موقع پر انتہائی رقت آمیز مناظر دیکھنے میں آئے عارف شہید کے بچے اور بھائی شدت غم سے نڈھال تھے جنہیں ایم کیوایم کے ذمہ داران نے سینے سے لگا کر دلاسہ دیا اور ایم کیوایم کی جانب سے ہرممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

☆☆☆☆☆